باب ششم (ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیر اسلام)

<u>خلافت راشدہ</u>

<u>1. خلافت راشدہ کے لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیں</u>

خلافت کے لغوی معنی جان نشینی کے ہیں اور راشتہ کا مطلب ہے ہدایت یافتہ خلافت راشدہ سے مراد ایسا نظام حکومت ہے جو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی پر مبنی ہو خلافت راشدہ کو خلافت علی منہاج نبوت بھی کہا جاتا ہے۔

۲. خلافت راشدہ کے ادوار لکھیں؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے وصال کے بعد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ عثمان غنی رضی اللہ تعالی عنہ اور علی مرتضی رضی اللہ تعالی عنہ کا دور خلافت خلافت راشدہ کہلاتا ہے۔

3. خلافت راشدہ کا اصول کیا تھا؟

خلافت راشدہ کا اصول یہ تھا کہ حاکمیت صرف اور صرف اللہ تعالی کی ہے اور خلیفہ کا فرض احکام شریعت کو نافذ کرنا ہے جس کی بنیاد اللہ کی کتاب اور اس کے رسول کی سنت ہے۔

۴۔ حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ نے مقدمہ کس کی عدالت میں پیش کیا؟

SOCHBADLOBYMAK

حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ نے مقدمہ قاضی شریح رحمۃ اللہ علیہ کی عدالت میں پیش کیا۔

.5 حدیث کے مطابق قوم کا سردار قوم کے لیے کیا ہوتا ہے؟

حدیث کے مطابق کام کا سردار قوم کا خادم ہوتا ہے ارشاد نبوی ہے

"قوم کا سرداران کا خادم ہے"

.6 خلفائے راشدین کے بارے میں فرمان نبی لکھیں.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے خلافت راشدہ کی پیروی کا حکم دیتے ہوئے ارشاد فرمایا

"تم پر میری سنت اور ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کے طریقے کی پیروی لازم ہے اس کو مضبوطی سے تھام کر رکھنا"

SOCHBADLOBYMAK